سوال

(677)نامعلوم انگریزی حرفوں پر مشتمل لباس کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

انگریزی زبان کی تحریروں پر مشتمل لباسوں کا کیا حکم ہے جن کا ہمیں تو پتہ نہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ حروف غلط مفہوم پر دلالت کرتے ہوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمارا ذمہ ہے کہ ہم ان کلمات اور حروف کے بارے میں پوچھیں جو عربی زبان کے علاوہ لکھے ہوتے ہیں کیونکہ وہ فاسد اور مخرب اخلاق معانی پر دلالت کر سکتے ہیں، لہذا ایسے لباس استعمال کرنا جائز نہیں جن پر انگریزی یا عربی کے علاوہ کسی اور زبان کے الفاظ درج ہوں جب تک آدمی ان کلمات کی پاکیزگی کو اچھی طرح نہ جان لے، اور یہ کہ ان میں کوئی ایسی چیز نہ ہو جو عزت خراب کرنے والی اور کافروں کی تعظیم کرتی ہو کیونکہ یہ تحریریں کافروں کے لیے وقار کا باعث بن سکتی ہیں، مثلاً: کھلاڑیوں، فنکاروں اور ایسا کوئی انوکھا کارنامہ انجام دینے والوں کے متعلق کوئی تحریر ہو اور اس قسم کے دیگر لوگوں کے بارے میں تحریریں ہوں تو اگر ان میں کافروں کی عزت کا اظہار ہو تو یہ حرام اور ناجائز ہے، اور اگر وہ گھٹیا اور رزیل مطالب پر مشتمل ہوں تو بھی ناجائز ہے، لہذا لباس پہننے سے پہلے ان تحریروں کے بارے میں تحقیق کرنا ضروری ہوگا۔ (فضیلة الشیخ محمد بن صالح العثمین رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 603

محدث فتویٰ